© rasailojaraid.com

فیصل آباد میں وفاق المدارس السلفیہ کے زیر اہتمام ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں حافظ عبدالباسط کو شیلڈ اور انعام دیا گیا۔اس پروگرام میں جہلم سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے شرکت کی۔

## جامعہ الصّفہ سوہدرہ وزیر آباد اور جامعہ تقویۃ الاسلام لاہور کے وفد کی جامعہ میں آمد

مورخہ 3 نومبر بروز منگل جامعہ الصّفہ سوہدرہ وزیر آباد کے اساتذہ اور طلبہ جناب خالد سیف صاحب کی قیادت میں جامعہ تشریف لائے ،نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے ان کا استقبال کیا، وفد نے جامعہ کی لائبریری، کلاس رومز اور ہاسٹل کا وزٹ کیا۔

مورخہ 8 نومبر بروز اتوار جامعہ تقویۃ الاسلام کے اساتذہ اور طلبہ کے وفد نے جناب نور صمد صاحب کی قیادت میں منگلا ڈیم اور قلعہ روہتاس کی سیر کی اور واپسی پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی دعوت پر جامعہ میں تشریف لائے۔مغرب اور عشاء کی نمازیں انہوں نے جامعہ میں ادا کیں بعد ازاں نائب مدیر الجامعہ نے ان کے اعزاز میں پروگرام کا انعقاد کیا جس میں ان کو جامعہ کی طرف سے قرآن مجید پیش کیے گئے۔

## مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چترپڑی میر پور آزاد کشمیر میں نفاذ اسلام کانفرنس

مورخہ 22 نومبر بروز اتوار بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چترپڑی میں عظیم الشان کانفرنس منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی تھے۔کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، کانفرنس سے مولانا خلیق الرحمٰن پسروری، مولانا سید طیب الرحمٰن شاہ زیدی، مولانا منظور احمد اور مناظر اسلام مولانا عبداللہ نثار نے خطاب کیا۔اس کانفرنس میں میر پور کے علاوہ منگلا، جاتلاں، دینہ اور جہلم سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔قاری محمد الیاس خان، قاری ابوبکر صدیق، قاری خلیل الرحمٰن اور اہل حدیث یوتھ فورس کے نوجوانوں نے اس کانفرنس کے انتظامات کیے۔

## جامع مسجد مدنی اہل حدیث کھوہار میں جلسہ فکر آخرت

مورخہ 28 نومبر بروز ہفتہ جامع مسجد مدنی اہل حدیث کھوہار میں فکر آخرت کے موضوع پر عظیم الشان جلسہ زیر صدارت نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی منعقد ہوا، جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، حمد ونعت حافظ عبیداللہ نے پیش کی۔جلسہ سے مولانا قطب شاہ، حافظ عبدالغفور مدنی اور حضرت مولانا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عبدالرحیم ساجد آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔

## جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں عظیم الشان جلسہ

مورخہ 3 دسمبر بروز جمعرات بعد نماز عشاء جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں عظمت صحابہؓ کے موضوع پر عظیم الشان جلسہ زیر صدارت نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) منعقد ہوا، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا خرم شہزاد خطیب مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔ جلسہ کا آغاز قاری انیس الرحمٰن کی تلاوت سے ہوا، جلسہ سے قاری سلیم اللہ مدنی اور مولانا منظور احمد نے خطاب کیا۔ اس جلسہ میں جہلم شہر اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اس جلسہ کا انتظام و انصرام میاں محمد ادریس اور ان کے ساتھیوں نے کیا۔ پروگرام کے آخر میں مہمانوں کی ضیافت کی گئی۔

## جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا شمالی محلّہ میں عظیم الشان جلسہ

مورخہ 17 دسمبر بروز جمعرات بعد نماز عشاء جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلہ میں شانِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے موضوع پر عظیم الشان جلسہ زیر صدارت نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی منعقد ہوا، جناب حاجی محمد حنیف ڈار اور جناب محمد بوٹا جلسہ کے مہمان خصوصی تھے۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز حافظ اسامہ زکریا متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا، جامعہ کے طلبہ محمد سلیمان شاہ اور حافظ عبداللہ عبداللطیف نے حمد و نعت پیش کی۔ جلسہ سے مولانا حافظ عبدالستار حامد امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب اور مولانا بہادر علی سیف خطیب سمندری نے خطاب کیا۔ پروگرام کے آخر میں جناب محمد ارشد سیٹھی اور ان کے رفقاء نے شرکاء جلسہ کی ضیافت کی۔

## مسہ کسوال تحصیل گوجرخان میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام

مورخہ یکم نومبر بروز اتوار موضع مسہ کسوال میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا، پروگرام کا آغاز نمازِ مغرب کے بعد تلاوت قرآن مجید سے ہوا، پروگرام میں مولانا قطب شاہ اور قاری محمد یوسف راشد آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔ اس پروگرام میں مسہ کسوال کے علاوہ سوہاوہ سے حافظ شیخ محمد زبیر عمر نے بمعہ احباب شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں جمیل صاحب اور نصیر صاحب نے مہمانوں کی ضیافت کی۔



© rasailojaraid.com